سبق - 2

عقائد

”بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ“۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں (۲) نماز قائم کرنا“۔

قرآن

سورۂ کوثر اور سورۂ عصر کا ترجمہ کے ساتھ اعادہ کروایا جائے۔

حدیث

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ“۔ (مسلم: ۱۰۵)

ترجمہ: چغلی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

دعا

”رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ“۔ (انبیاء:۸۹)

ترجمہ: اے اللہ! آپ مجھے اکیلا نہ چھوڑیں اور آپ سب سے بہتر وارث ہیں۔

سیرت رسول ﷺ

اسلام قبول کرنے والوں کو مکہ والوں کی جانب سے مختلف قسم کی تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو اجازت دی کہ وہ مکہ والوں کی جانب سے ملنے والی تکلیفوں سے بچنے کی خاطر حبشہ نامی ملک کی طرف ہجرت کریں اور وہاں کے انصاف پسند بادشاہ کی پناہ میں رہیں۔

اخلاق وآداب

مسجد میں داخل ہونے کے آداب:

5. مسجد میں داخل ہونے کی دعا: ”اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ“ پڑھیں۔
6. اگر جماعت شروع ہونے میں دیر ہو تو دو رکعت یا چار رکعت سنت یا نفل پڑھ لیں۔
7. مسجد میں دنیوی باتیں، یا گھر، ہوم ورک یا کھیل وغیرہ کی باتیں نہ کریں بلکہ ذکر کرتے ہوئے نماز کا انتظار کریں۔
8. مسجد میں کھیل کود اور شرارت نہ کریں، ہر ایک کے ساتھ مسکراتے ہوئے ملاقات کریں۔